# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 Dated: 01 FEB 2025 Page No. 1


1


## زرعی تحقیق کو ترقی دیکر خوراک کی ضروریات پوری کی جاسکتی ہیں، گورنر

### زراعت و لائیو اسٹاک کی وسیع صلاحیت کے باوجود بلوچستان کا ایگریکلچر سیکٹر جمود کا شکار ہے، خطاب

کوئٹہ (غ ن) گورنر جعفرخان مندوخیل نے کہاہے کہ زراعت اور لائیو اسٹاک کی اپنی وسیع صلاحیت رکھنے کے باوجود بلوچستان کا پورا ایگریکلچر سیکٹر جمود کا شکار ہے کیونکہ ہم زرعی تجارت پر مبنی جامع حکمت عملی بنانے میں اب تک ناکام ہیں۔ ایک جانب ہمارے زمیندار جدید زرعی طریقوں سے نابلد تو دوسری طرف ہمارے زرعی ماہرین کی ان پٹ بھی ناکافی ہے۔ زرعی معیشت کے فروغ کے حوالے سے لسبیلہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین اور ان کی پوری ٹیم خراج تحسین کی مستحق ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے لسبیلہ یونیورسٹی کے زیراہتمام زراعت پر مبنی تجارت کے فروغ کیلئے مشاورتی سیشن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ سیشن میں لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اور میرین سائنسز کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین، بیوٹمز یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ، لورالائی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان کاکڑ، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر ہاشم غلزئی اور سابق وائس چانسلر ڈاکٹر دوست بلوچ سمیت مختلف اسٹیک ہولڈرز بشمول صنعتکار، پالیسی میکرز، ریسرچرز اور پریکٹیشنرز بھی شریک تھے۔ گورنر جعفر مندوخیل نے کہاکہ 2050 تک پاکستان دنیا کا تیسرا بڑا آبادی والا ملک بن جائیگا، اس ضمن میں ہمیں اپنی خوراک کی موجودہ اور مستقبل قریب کی ضرورتوں کو مدنظر رکھتے ہوئے دانشمندانہ منصوبہ بندی کرنی ہوگی، بدقسمتی سے ہم آج بھی معیاری بیجوں کے حصول کیلئے دوسرے ممالک پر انحصار کررہے ہیں۔ وقت کا تقاضا ہے کہ ہم زراعت اور لائیو اسٹاک کے سیکٹرز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے دونوں شعبوں میں انقلابی اقدامات اٹھائیں، انہوں نے کہا کہ بلوچستان پورے ملک کی لائیو سٹاک کی ضروریات کو پورا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ موسیٰ خیل اور ژوب جیسے اضلاع میں مون سون کی بارشیں بھی وافر مقدار میں ہوتی ہیں جس کا ہمیں موثر طریقے سے استعمال کرنا ہوگا۔ جدید سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے ذریعے ہم بارانی زمینوں کو بھی قابل کاشت بنا سکتے ہیں جس سے پیداواری معیار اور مقدار دونوں میں اضافہ کیا جاسکتا ہے لیکن ہمیں ماہرانہ رہنمائی کی ضرورت ہے۔ ہمیں اپنی زرعی تحقیق کو ترقی دینے کیلئے بائیو انجینئرنگ کے ماہرین سے تعاون حاصل کرنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ قلت آب پر قابو پانے کیلئے زمینداروں اور کسانوں کو ڈرپ ایریگیشن سسٹم کے بارے میں آگاہ کرنا لازمی ہے اور ژوب سے لیکر خضدار تک زیتون کے درختوں جیسی فصلوں کیلئے کم پانی کے استعمال کو بروئے کار لایا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ زرعی تحقیق کو ترقی دیکر ہم نہ صرف اپنی خوراک کی ضروریات پوری کر سکتے ہیں بلکہ پاکستان خطے میں ایک اہم ایکسپورٹ کرنے والا ملک بن سکتا ہے۔



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل کو لسبیلہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر مالک ترین شیلڈ پیش کررہے ہیں



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل لسبیلہ یونیورسٹی کے زیراہتمام ایگری بزنس مشاورتی سیشن کے شرکاء سے خطاب کررہے ہیں



گورنر جعفر مندوخیل حاجی جمال الدین اچکزئی کی وفات پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں



کوئٹہ: گورنر جعفر مندوخیل سے پروفیسر ڈاکٹر نقیب اللہ اچکزئی ملاقات کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 01 FEB 2025 Page No. 2


# ابھی تک ہم زرعی تجارت پر مبنی حکمت عملی بنانے میں ناکام ہیں، گورنر

## زراعت اور لائیو اسٹاک اپنی وسیع صلاحیت رکھنے کے باوجود بلوچستان کا پورا ایگریکلچر سیکٹر جمود کا شکار ہے' جعفر خان مندوخیل

**ہمارے زمیندار جدید زرعی طریقوں سے نابلد اور ماہرین کی ان پٹ بھی ناکافی' آج بھی ہم معیاری بیجوں کے حصول کیلئے دوسرے ممالک پر انحصار کر رہے ہیں**



کوئٹہ، گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل مقامی ہوٹل میں لسبیلہ یونیورسٹی کے زیر اہتمام [illegible] مشاورتی سیشن کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے مقامی ہوٹل میں زراعت پر مبنی ......... بقیہ 35 صفحہ نمبر 7 پر

مشاورتی سیشن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ زراعت اور لائیو اسٹاک کی اپنی وسیع صلاحیت رکھنے کے باوجود بلوچستان کا پورا ایگریکلچر سیکٹر جمود کا شکار ہے کیونکہ کیونکہ ہم زرعی تجارت پر مبنی ایک جامع حکمت عملی بنانے میں اب تک ناکام ہیں ایک جانب ہمارے زمیندار جدید زرعی طریقوں سے نابلد تو دوسری طرف ہمارے زرعی ماہرین کی ان پٹ بھی ناکافی ہے زرعی معیشت کے فروغ کے حوالے سے لسبیلہ یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین اور ان کی پوری ٹیم خراج تحسین کی مستحق ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے لسبیلہ یونیورسٹی کے زیر اہتمام زراعت پر مبنی تجارت کے فروغ کیلئے ایک مشاورتی سیشن کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا مذکورہ سیشن میں لسبیلہ یونیورسٹی آف ایگریکلچر، واٹر اور میرین سائنسز (LUAWMS) کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عبدالمالک ترین، بیوٹمز یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد حفیظ، لورالائی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر احسان کاکڑ، پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان ہاشم خان غلزئی اور سابق وائس چانسلر ڈاکٹر دوست بلوچ سمیت مختلف اسٹیک ہولڈرز بشمول مندوبین، پالیسی میکرز، ریسرچرز اور پریکٹیشنرز بھی شریک تھے سیشن کے شرکاء سے خطاب میں گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 2050ء تک پاکستان دنیا کا تیسرا بڑا آبادی والا ملک بن جائیگا اس ضمن میں ہمیں اپنی خوراک کی موجودہ اور مستقبل قریب کی ضروریات مدنظر رکھتے ہوئے دانشمندانہ منصوبہ بندی کرنی ہوگی بدقسمتی سے ہم آج بھی معیاری بیجوں کے حصول کیلئے دوسرے ممالک پر انحصار کر رہے ہیں وقت کا تقاضا ہے کہ ہم زراعت اور لائیو اسٹاک کے سیکٹرز کو جدید خطوط پر استوار کرنے کیلئے دونوں شعبوں میں انقلابی اقدامات اٹھائیں گورنر مندوخیل نے کہا کہ بلوچستان پورے ملک کی لائیو سٹاک کی ضروریات پورا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے موسیٰ خیل اور ژوب جیسے اضلاع میں مون سون کی بارشیں بھی وافر مقدار میں ہوتی ہیں جس کا ہمیں موثر طریقے سے استعمال کرنا ہوگا جدید سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے ذریعے ہم بارانی زمینوں کو بھی قابل کاشت بنا سکتے ہیں جس سے پیداواری معیار اور مقدار دونوں میں اضافہ کیا جاسکتا ہے

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 3

روزنامہ جنگ کوئٹہ ہفتہ یکم رفروری 2025ء

THE DAILY JANG QUETTA

روزنامہ جنگ کوئٹہ

بانی میر خلیل الرحمٰن



وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی سابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری ڈاکٹر عمر بابر کے انتقال پر فاتحہ خوانی کررہے ہیں

## وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی نے ڈاکٹر عمر بابر کے انتقال پر تعزیت کی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے جمعہ کو سابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری ڈاکٹر عمر خان بابر کے انتقال پر لواحقین سے تعزیت اور مرحوم کی روح کے ایصال ثواب بلند درجات اور سوگوار خاندان کے کے لئے صبر جمیل کی دعا کی رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان انجینئر زمرک خان اچکزئی اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ بھی اس موقع پر موجود تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 4


Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 53 | ہفتہ 02 شعبان المعظم 1446ھ یکم فروری 2025ء صفحات 08 | شمارہ 216

رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 30 روپے




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری بلوچستان ڈاکٹر عمر خان بابر کے انتقال پر ان کے لواحقین سے تعزیت و فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

## وزیراعلیٰ کا سابق اے سی ایس ڈاکٹر عمر خان بابر کے انتقال پر اظہار افسوس، فاتحہ خوانی

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعہ کے روز سابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری بلوچستان ڈاکٹر عمر خان بابر کے انتقال پر ان کے لواحقین سے تعزیت و فاتحہ خوانی کی وزیراعلیٰ نے مرحوم کی روح کے ایصال ثواب بلند درجات اور سوگوار خاندان ........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

کے کیلئے صبر جمیل کی دعا کی رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان انجینئر زمرک خان اچکزئی اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ بھی اس موقع پر موجود تھے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1                                        Page No. 5

THE DAILY
BAAKHABAR
QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ
بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | ہفتہ یکم فروری 2025ء بمطابق 02 شعبان 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 32

## وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کا ڈاکٹر عمر بابر کے انتقال پر اظہار تعزیت

### وزیراعلیٰ نے مرحوم کے ایصال ثواب اور سوگوران کے لئے صبر جمیل کی دعا کی ہے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعہ کے روز سابق ایڈیشنل چیف سیکریٹری بلوچستان ڈاکٹر عمر خان بابر کے انتقال پر ان کے لواحقین سے تعزیت و فاتحہ خوانی کی وزیراعلیٰ نے مرحوم کی روح کے ایصال ثواب بلند درجات اور سوگوار خاندان کے کے لئے صبر جمیل کی دعا کی رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان انجینئر زمرک خان اچکزئی اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ بھی اس موقع پر موجود تھے



وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی ڈاکٹر عمر خان بابر کے انتقال پر انکے لواحقین سے تعزیت وفاتحہ خوانی کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 6

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی
صدیق بلوچ

جلد نمبر-24 | ہفتہ یکم فروری 2025ء بمطابق 02 شعبان 1446ھ قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر-32

## وزیراعلیٰ بلوچستان کا عمر خان بابر کے انتقال پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے جمعہ کے روز سابق ایڈیشنل چیف سیکریٹری بلوچستان ڈاکٹر عمر خان بابر کے انتقال پر ان کے لواحقین سے تعزیت وفاتحہ خوانی (بقیہ نمبر 31 صفحہ نمبر 7 پر)

کی وزیراعلیٰ نے مرحوم کی روح کے ایصال ثواب بلند درجات اور سوگوار خاندان کے کے لئے صبر جمیل کی دعا کی رکن صوبائی اسمبلی بلوچستان انجینئر زمرک خان اچکزئی اور بلوچستان بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ بھی اس موقع پر موجود تھے۔



وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی سابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری بلوچستان ڈاکٹر عمر بابر کے انتقال پر ان کے لواحقین سے تعزیت کررہے ہیں

معلوماتی سرگرمیاں | سیاسی جماعتیں | امن وامان | اداریے، مضامین

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

No. 1 Page No. 7


DAILY ZAMANA

روزنامہ زمانہ کوئٹہ

چیف ایڈیٹر: محمد حیدر امین

بانی: سید فصیح اقبال

| جلد 80 | ہفتہ یکم فروری 2025ء 2 شعبان المعظم 1446ھ | صفحات 6 | قیمت 20 روپے | شمارہ 32 |
|---|---|---|---|---|




وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سابق ایڈیشنل چیف سیکرٹری بلوچستان ڈاکٹر عمر خان بابر کے انتقال پر انکے لواحقین سے تعزیت وفاتحہ خوانی کررہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 01 FEB 2025 Page No. 8


## میٹروپولیٹن کے ریونیو میں اضافے کیلئے ہر ممکن اقدامات کرینگے

**صوبائی وزیر بلدیات**

**عوام کی خدمت ہم پر فرض ہے، میونسپل سروسز کی بہتری کیلئے جامعہ منصوبہ بندی کی جائیگی، میر کوہیار ڈومکی، کمشنر کوئٹہ کی بریفنگ**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر بلدیات میر کوہیار ڈومکی نے کہا ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کی استعداد کار کو بڑھانے اور ریونیو میں اضافے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے تاکہ کوئٹہ شہر میں صفائی ستھرائی اور میونسپل سروسز کا کام بہتر طریقے سے ہو سکے۔ ہمارا فرض ہے کہ ہم عوام کی خدمت کریں، شہر کی بہتری اور خوبصورتی کے لیے اپنے وسائل میں رہتے ہوئے تمام مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن کوشش کی جائے۔ صفائی کے نظام کی بہتری کیلئے کوئٹہ شہر میں پلاسٹک بیگ پر پابندی کیساتھ سالڈ ویسٹ پلانٹ کو فعال کرنے اور روزانہ کی بنیاد پر کچرا ٹھکانے لگانے کیلئے مختلف میکنزم کے تحت اقدامات اٹھائے جائیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایڈمنسٹریٹر/کمشنر کوئٹہ ڈویژن حمزہ شفقات کی جانب سے میٹروپولیٹن کارپوریشن کی مجموعی صورتحال اور شہر میں صفائی کے لئے اٹھائے گئے اقدامات کے حوالے سے بریفنگ کے موقع پر بات چیت کیا اس موقع پر سیکرٹری بلدیات عبدالرؤف بلوچ سمیت میٹروپولیٹن کارپوریشن کے افسران موجود تھے۔ صوبائی وزیر کو بریفنگ دیتے ہوئے ایڈمنسٹریٹر/کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے کہا کہ شہر میں صفائی ستھرائی اور عوام کو میونسپل سروسز فراہم کرنے کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں لیکن ماضی میں فنڈز کی کمی سے میونسپل سروسز کی فراہمی میں مشکلات درپیش آئیں کیونکہ ریونیو کلیکشن نہ ہونے کی وجہ سے ملازمین کی تنخواہیں دینے کے لیے بھی رقم موجود نہیں تھی۔ اجلاس میں صوبائی وزیر بلدیات نے میٹروپولیٹن کارپوریشن کے تمام سیکشنز کو اپنی جامع رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کی انہوں نے کہا کہ شہر میں صفائی کی صورتحال کو بہتر بنانے اور میونسپل سروسز کی فراہمی کے لیے جامع منصوبہ بندی کے تحت اقدامات اٹھائے جائیں تاکہ کوئٹہ شہر خوبصورت اور صاف ستھرا نظر آ سکے انہوں نے کہا کہ سڑکوں کی بہتری، گرین بیلٹ، اسٹریٹ لائٹس اور صفائی سے ہی کوئٹہ کی خوبصورتی بحال ہوگی لہذا ایسے اقدامات اٹھائے جائیں جس سے کوئٹہ ایک مثالی شہر بن سکے۔

## صوبے سے پسماندگی کا خاتمہ اولین ترجیحات میں شامل ہے، سلیم کھوسہ

**ترقیاتی منصوبوں میں ہمیشہ اجتماعیت کو فروغ دیا، تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ مستفید ہوں، گفتگو**

ماجھی پور (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے پارلیمانی لیڈر صوبائی وزیر میر سلیم احمد خان کھوسہ نے کہا ہے کہ ہم نے ہمیشہ ترقیاتی منصوبوں کو اجتماعیت کو فروغ دیا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ مستفید ہوں ہم بلند بانگ دعوے نہیں کرتے بلکہ عملی اقدامات پر یقین رکھتے ہیں ہماری سیاست کا محور غربت پسماندگی کا خاتمہ اور عوام کو ان کے حقوق دلانے انہیں معاشی سماجی اور اقتصادی طور پر مستحکم کرنا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کھوسہ ہاؤس صحبت پور میں مختلف عوامی وفود اور علاقائی معتبرین سے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ صوبائی انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ بلوچستان سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومت صوبے کی پائیدار ترقی، امن واستحکام، خوشحالی اور نوجوان طبقے کو روزگار کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبے سے غربت اور پسماندگی کا خاتمہ حکومت کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحبت پور میں بے پناہ ترقیاتی منصوبے شروع کیے گئے ہیں۔ جن کی تکمیل سے عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر میسر ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ انتخاب میں اس سال کروڑوں روپے کی اسکیمات متعارف کروائی گئیں۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 01 FEB 2025 Page No. 9


# ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل یقینی بنائی جائے' چیف سیکرٹری

## دوہری ملازمت کرنے والوں کیخلاف کارروائی تیز کی جائے' سیکرٹریز کمیٹی سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیر صدارت جمعہ کو سیکرٹریز کمیٹی کا اجلاس ہوا جس میں فائل ٹریکنگ سسٹم، آئی پی ایم ایس، ترقیاتی منصوبوں میں تیزی سمیت دیگر اہم امور کا جائزہ لیا گیا اجلاس میں چیئرمین سی ایم آئی ٹی محمد علی کاکڑ سمیت تمام سیکرٹریز نے شرکت کی چیف سیکرٹری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام سیکرٹریز فائل ٹریکنگ سسٹم اور پاکستان سٹیزن پورٹل پر عوام کی جانب سے درج شکایات کو فوری طور پر حل کرنے پر خصوصی توجہ دیں اور جو کیسز پینڈنگ یا اوور ڈیو ہیں ان کو بھی جلد از جلد حل کریں چیف سیکرٹری نے ہدایت کی کہ صوبے میں ترقیاتی منصوبوں کی مقررہ مدت میں تکمیل کو یقینی بنایا جائے کیونکہ ان منصوبوں کی تکمیل سے صوبہ مزید ترقی کرے گا۔ انہوں نے ہدایت کی کہ جن ترقیاتی منصوبوں کی یوٹیلائزیشن 80 فیصد ہے ان منصوبوں کی تکمیل کے لیے مکمل فنڈنگ یقینی بنایا جائے عوام کی خدمت اور فلاح و بہبود کیلئے کام کرنا ہی آفیسرز کی اولین ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ فرائض کی انجام دہی میں سستی اور عدم دلچسپی قطعاً برداشت نہیں کی جائے گی۔



کوئٹہ: چیف سیکرٹری شکیل قادر خان سیکرٹریز کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## [illegible]

[illegible]

## جاری ترقیاتی منصوبوں پر کام تیز، حائل رکاوٹیں دور کی جائیں

[illegible]

## دیگر صوبوں کے مقابلے بلوچستان میں غربت زیادہ ہے، بی آئی ایس پی

بی آئی ایس پی بلوچستان میں اسسٹنٹ کی 99، نائب قاصد اور چوکیدار کی 62 اسامیاں خالی پڑی ہوئی ہیں

[illegible]

## بلوچستان میں دفعہ 144 کے نفاذ کی مدت ختم

**محکمہ داخلہ بلوچستان کی جانب سے مدت میں توسیع نہیں کی گئی**

صوبے میں امن وامان کے پیش نظر 30 دسمبر کو دفعہ 144 نافذ کی گئی تھی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں دفعہ 144 کی مدت ... ایک ماہ کی مدت پوری ہونے پر ختم ہوگئی۔ محکمہ داخلہ بلوچستان کی جانب سے مدت میں توسیع نہیں کی گئی محکمہ داخلہ بلوچستان نے صوبے میں امن وامان کی صورتحال کے پیش نظر 30 دسمبر کو دفعہ 144 کے تحت صوبہ بھر میں ہر قسم کی ریلیوں، جلسے، جلوس اور پانچ یا اس سے زائد افراد کے اجتماع پر ایک ماہ کے لئے پابندی عائد کی گئی تھی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 01 FEB 2025 Page No. 13


## منگچر سے مسخ شدہ لاش کی باقیات برآمد

منگچر (آن لائن) منگچر سے مسخ شدہ لاش کی باقیات برآمد ہوئی ہیں لیویز کے مطابق چرواہے نے اطلاع دی کہ بزی کے پہاڑ پر مسخ لاش پڑی ہوئی ہے لاش کی باقیات کو شناخت کے لیے لیویز تھانے منتقل کر دیا گیا ہے۔

## زہری: لیویز افسر سمیت دو افراد اغواء

کوئٹہ (این این آئی) زہری بازار سے نامعلوم افراد نے 2 افراد کو اغواء کر لیا لیویز کے مطابق جمعہ کو زہری بازار سے نامعلوم مسلح افراد نے لیویز کے تفتیشی آفیسر عبدالحفیظ اور شہری حفیظ مغل کو اغواء کر لیا۔


INTEKHAB QUETTA


## منگچر، مسلح افراد کی شاہراہوں کی ناکہ بندی، فائرنگ

### مقامی کیمپ پر حملہ، دھماکے، کراچی جانے والی قومی شاہراہ پر آمدورفت بند

### تین مقامات پر فورسز اور مسلح افراد میں جھڑپیں جاری، ڈی سی قلات

منگچر (انتخاب نیوز) اطلاعات کے مطابق ضلع قلات کے علاقہ منگچر میں سینکڑوں کی تعداد میں مسلح افراد داخل ہو چکے ہیں۔ مختلف علاقوں میں مین شاہراہوں پر ناکہ بندی کی گئی ہے۔ ادھر قلات کے علاقے منگچر میں بڑے پیمانے پر حملے کی اطلاع بھی موصول ہو رہی ہے۔ ابتدائی اطلاعات


بقیہ نمبر 48 صفحہ 5 پر


کے مطابق مسلح افراد نے قلات میں کوک کراس، شیخزی کراس، خزینہ ای سمیت مختلف مقامات پر ناکہ بندی اور چیکنگ کی جا رہی ہے۔ ادھر منگچر میں واقع مقامی مرکزی کیمپ پر چاروں اطراف سے حملہ ہو رہا ہے۔ منگچر سے مقامی ذرائع کے مطابق حملہ کافی بڑے پیمانے کا ظاہر ہو رہا ہے جہاں دھماکوں اور شدید فائرنگ کا سلسلہ تا حال جاری ہے۔ اس حوالے سے مزید معلومات جاری ہے۔ جبکہ کراچی جانے والی قومی شاہراہ ہر طرح کی آمدورفت کیلئے بند کر دی گئی ہے بڑی تعداد میں بسیں اور گاڑیاں پھنسی ہوئی ہیں شدید فائرنگ سے مسافر خوف وہراس کا شکار ہیں۔ دوسری جانب رات گئے ڈپٹی کمشنر قلات نے کہا کہ تین مختلف مقامات پر فورسز اور مسلح افراد میں جھڑپیں جاری ہیں دو گھنٹے سے فائرنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے


CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

Dated: 01 FEB 2025 Page No. 13


## منگچر سے مسخ شدہ لاش کی باقیات برآمد

منگچر (آن لائن) منگچر سے مسخ شدہ لاش کی باقیات برآمد ہوئی ہیں لیویز کے مطابق چرواہے نے اطلاع دی کہ بزی کے پہاڑ پر مسخ لاش پڑی ہوئی ہے لاش کی باقیات کو شناخت کے لیے لیویز تھانے منتقل کردیا گیا ہے۔

## زہری: لیویز افسر سمیت دو افراد اغواء

کوئٹہ (این این آئی) زہری بازار سے نامعلوم مسلح افراد نے 2 افراد کو اغواء کر لیا لیویز کے مطابق جمعہ کو زہری بازار سے نامعلوم مسلح افراد نے لیویز کے تفتیشی آفیسر عبدالحفیظ اور شہری حفیظ مغل کو اغواء کرلیا۔


INTEKHAB QUETTA


## منگچر، مسلح افراد کی شاہراہوں کی ناکہ بندی، فائرنگ

### مقامی کیمپ پر حملہ، دھماکے، کراچی جانے والی قومی شاہراہ پر آمدورفت بند

### تین مقامات پر فورسز اور مسلح افراد میں جھڑپیں جاری، ڈی سی قلات

منگچر (انتخاب نیوز) اطلاعات کے مطابق ضلع قلات کے علاقہ منگچر میں سینکڑوں کی تعداد میں مسلح افراد داخل ہو چکے ہیں۔ مختلف علاقوں میں مین شاہراہوں پر ناکہ بندی کی گئی ہے۔ ادھر قلات کے علاقے منگچر میں بڑے پیمانے پر حملے کی اطلاع بھی موصول ہو رہی ہے۔ ابتدائی اطلاعات


بقیہ نمبر 48 صفحہ 5 پر


کے مطابق مسلح افراد نے قلات میں کواک کراس، شیخزی کراس، خزینہ ای سمیت مختلف مقامات پر ناکہ بندی اور چیکنگ کی جا رہی ہے۔ ادھر منگچر میں واقع مقامی مرکزی کیمپ پر چاروں اطراف سے حملہ ہو رہا ہے۔ منگچر سے مقامی ذرائع کے مطابق حملہ کافی بڑے پیمانے کا ظاہر ہو رہا ہے جہاں دھماکوں اور شدید فائرنگ کا سلسلہ تا حال جاری ہے۔ اس حوالے سے مزید معلومات جاری ہے۔ جبکہ کراچی جانے والی قومی شاہراہ ہر طرح کی آمدورت کیلئے بند کر دی گئی ہے بڑی تعداد میں بسیں اور گاڑیاں پھنسی ہوئی ہیں شدید فائرنگ سے مسافر خوف و ہراس کا شکار ہیں۔ دوسری جانب رات گئے ڈپٹی کمشنر قلات نے کہا کہ تین مختلف مقامات پر فورسز اور مسلح افراد میں جھڑپیں جاری ہیں دو گھنٹے سے فائرنگ کا سلسلہ بھی جاری ہے


CS CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: روزنامہ میزان

Bullet No. 5 Dated: 01 FEB 2025 Page No. 14

## حکومت عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کام کررہی ہے!

یہ بات حقیقت پر مبنی ہے کہ جب سے وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت قائم ہوئی ہے اس کی کوشش رہی ہے کہ وہ عوامی فلاح و بہبود کے کام کرے۔ اس سلسلے میں اس حکومت نے عوام کے متعدد مسئلے حل بھی کیے ہیں جو سابقہ حکومتیں نہیں کرسکی تھیں۔ چونکہ صوبے میں مسائل بہت زیادہ ہیں اس لیے ان کو بتدریج حل کرنے کے لیے مزید ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے۔

گزشتہ روز چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کی زیرصدارت ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس منعقد ہوئی جس سے خطاب کرتے ہوئے ایک بار پھر اس عزم کا اظہار کیا کہ صوبائی حکومت اپنے دستیاب وسائل میں رہتے ہوئے عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کام کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کا معیار زندگی بہتر بنانے اور ان کیلئے آسانیاں پیدا کرنے کے لیے انتظامیہ اور یہ ادارے اپنی کوششیں مزید تیز کردیں تاکہ ہر شہری ایک بہتر اور مطمئن زندگی گذار سکیں ۔ہسپتالوں میں ادویات کی فراہمی کو ہرصورت یقینی بنایا جاسکے تاکہ مریضوں کو پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ تمام ڈپٹی کمشنرز اپنے متعلقہ اضلاع میں اشیاء خوردونوش کی قیمتوں پر کڑی نظر رکھیں کسی کو سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی کرنے کی اجازت نہ دی جائے۔ کیونکہ اس سے براہ راست شہری متاثر ہوتے ہیں جس کو سنجیدہ لینے کی ضرورت ہے تاکہ کوئی دکاندار سرکاری نرخنامے کی خلاف ورزی نہ کرسکے۔ پورے شہر کو احتجاج کے نام پر مفلوج کرنا درست نہیں کسی کو بھی شاہراہوں کو بند کرنے کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ اس سے عام لوگوں کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان کا ڈویژنل کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کانفرنس سے مذکورہ خطاب اس بات کی غمازی کرتا ہے کہ صوبائی حکومت عوام کے فلاح و بہبود کے لیے کام کرنے کی خواہاں ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 01 FEB 2025 Page No. 15

# کوئٹہ میں ٹرانسپورٹ کے حوالے سے منصوبہ بندی کا فقدان

ایک عام شہری کی طرح معاشرتی برائیوں کو دیکھتے ہوئے دکھ ہوتا ہے لیکن پھر قلم کے ذریعے ان برائیوں کو اجاگر کرنے کا ایک موقع بحیثیت صحافی اللہ تعالیٰ نے دیا ہے یہ بھی حقیقت ہے کہ انسان مل کر ہی معاشرے کی تشکیل کرتے ہیں اگر انسان تشکیل میں بنیادی مسائل کو زیر بحث

## تحریر: مطیع اللہ مطیع

لاتا ہے تو آگے بڑھ کر ان مسائل کا ادراک آسانی سے کیا جا سکتا ہے لیکن اگر مسائل کو زیر غور نہیں لایا جاتا تو نہ صرف اشرف المخلوقات مشکلات سے دوچار ہوتے ہیں بلکہ بے زبان جانور بھی ان مشکلات میں گھر جاتے ہیں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کی آبادی سالانہ بنیادوں پر بڑھ رہی ہے یہاں بسنے وال انسانوں کی تعداد 25 لاکھ سے تجاوز کر چکی ہے آبادی میں اضافے کے ساتھ یہاں کے مسائل میں بھی اضافہ ہوتا جا رہا ہے، پانی، گیس، بجلی، صحت، تعلیم، انفراسٹرکچر روز مرہ کے مسائل ہیں لیکن ٹرانسپورٹ کا مسئلہ بھی وقت کے ساتھ گھمبیر ہو رہا ہے حکومتیں آبادی کے تناسب سے عوامی مسائل میں کمی کیلئے منصوبہ بندی کرتی ہیں لیکن کوئٹہ واحد دارالحکومت ہے جہاں منصوبہ بندی کا فقدان نظر آ رہا ہے اس فقدان کی سیاسی وجوہات کے علاوہ عدم دلچسپی بھی ہو سکتی ہے کوئٹہ ڈویلپمنٹ اتھارٹی کے اعلیٰ آفیسر سے ایک تحقیقاتی رپورٹ کے حوالے سے ملاقات ہوئی تو دوران انٹرویو کچھ باتیں آف دی ریکارڈ بتائیں۔

اگرچہ انگریزوں نے 1935ء کے زلزلے کے بعد باقاعدہ منصوبہ بندی کے ساتھ کچھ سڑکیں بنائی تھی لیکن بعدازاں جب ہمارے حاجی صاحبان کے ہاتھوں حکومت آئی تو حالات بہتری کی بجائے ابتری کی جانب بڑھنے لگے موصوف نے جن روڈوں کا ذکر کیا کہ مذکورہ سڑکیں اسی فٹ کی تھیں جواب آہستہ آہستہ قبضہ ہو کر اسی فٹ رہ گئیں جب ایگزیکٹو گروپ کے عبدالواحد کاکڑ ڈپٹی کمشنر تھے تو چیمبر آف کامرس کے دورے کے موقع پر انہوں نے سڑکوں کیلئے مختص زمین پر قبضہ کا انکشاف کیا تھا اس وقت کے وزیراعلیٰ جام کمال نے وزارت اعلیٰ کا قلمدان سنبھالا تھا تو شہر کی سڑکوں کے حوالے سے منصوبہ بندی شروع کی تھا اور کئی دہائیوں بعد پہلی بار بلوچستان کے باسیوں کو ٹرانسپورٹ کا ماحول دوست منصوبہ گرین بسوں کی شکل میں دیا گیا لیکن کاغذی کارروائی کے باعث وہ منصوبہ بھی کئی سال بعد شروع ہوا جہاں روزانہ ہزاروں مسافران بسوں میں سفر کرتے ہیں اس کے علاوہ کوئی ایسا ماحول و عوام دوست منصوبہ نہیں کہ جس کے حوالے سے کہا جائے کہ یہ عوامی مفاد کا بہترین منصوبہ ہو۔

صحافتی زندگی کا ایک فائدہ ہے کہ آپ نت نئے لوگوں کے ساتھ ملتے رہتے ہیں اور کچھ نیا سیکھنے کو ملتا ہے یہاں بھی ایک دوست سے ملا تو کچھ معلومات ملی کہ چیف سیکرٹری بلوچستان ٹرانسپورٹ کے شعبے میں کچھ دلچسپی لے رہے ہیں لیکن سیاسی حوالے سے سرپرستی کا فقدان ہے۔ میرے جیسے بہت سوں کے ذہن میں یہ سوال اٹھتا ہوگا کہ ٹرانسپورٹ کا شعبہ کیوں یوں زبوں حالی کا شکار ہے وہ اس لئے کہ سیاسی وژن نہیں ہے یہ شعبہ بہتر ہوں ہماری تو زیادہ تر توجہ تعمیرات پر ہوتی ہے۔ کوئٹہ شہر جو آہستہ آہستہ پھیل رہا ہے کو اورنج بس، بی آر ٹی جیسے منصوبوں کی ضرورت ہے پہلے یہ شہر جہاں ہزاروں لوگوں کیلئے بنا تھا اب اس شہر میں لاکھوں لوگ رہ رہے ہیں اطراف سے لوگ شہر کی طرف سے سفر کرتے ہیں لیکن گرین بس منصوبے کے 10 بسیں سریاب، کچلاک، ہنہ اوڑک، مشرقی بائی پاس، مغربی بائی پاس، بلیلی و گرد و نواح سے کیسے لوگوں کو سفر مہیا کر سکتی ہیں؟ اس کا تو ایک ہی روٹ بیوٹمز یونیورسٹی سے ائیرپورٹ روڈ، زرغون روڈ سے سریاب روڈ بلوچستان یونیورسٹی تک ہے شروع شروع میں تو کہا جا رہا تھا کہ گرین بسیں نہیں چلیں گی لیکن جب ایک صاف ماحول کسی کو میسر ہو تو لازمی استفادہ حاصل کرے گا یہاں ایک مثال دوں تو شاید اور بھی آسانی ہو، میں امداد چوک پر واقع ایک دوست کے دفتر میں بیٹھا تو ایک بزرگ آیا سلام دعا کے بعد کسی دوسرے ساتھی نے بزرگ سے دریافت کیا کہ آپ کا گھر تو ائیرپورٹ روڈ پر واقع ہے آپ اس عمر میں گاڑی بھی نہیں چلا پا رہے تو یہاں تک کیسے پہنچے حالانکہ وہ بزرگ اچھے خاصے امیر تھے بلکہ بقول ان کے گھر میں دو گاڑیاں بھی کھڑی تھیں تو بزرگ نے بتایا کہ میں گھر سے نکلا ائیرپورٹ روڈ پر گرین بس میں سوار ہوا اور یہاں امداد چوک کے گرین بس اسٹیشن پر اتر گیا تھوڑی سی چہل قدمی کی اور یہاں تک پہنچ گیا اس بزرگ نے اب معمول بنا لیا ہے وہ امداد چوک تک گرین بس میں سفر کر کے آتے ہیں ایسے ہی ماحول دوست منصوبوں کی کوئٹہ کو ضرورت ہے دنیا ترقی کر رہی ہے اور ماحول دوست ٹرانسپورٹ کی طرف بڑھ رہی ہے بدقسمتی سے ہم آج بھی 90 کی دہائی میں سفر کرتے ہوئے نظر آ رہے ہیں اس کالم کے توسط سے وزیراعلیٰ بلوچستان، چیف سیکرٹری اور سیکرٹری ٹرانسپورٹ سے درخواست ہے کہ شہر کے ٹرانسپورٹ کے شعبے کی بہتری کیلئے آگے آئیں تاکہ یہاں کے شہریوں کو بھی ایک ماحول دوست سفر کی سہولت میسر ہو۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily Baakhabar Quetta

Bullet No 5

Dated: 01 FEB 2025 Page No/ 16

تحریر۔۔۔شیخ فرید

## بلوچستان کا ادبی منظرنامہ کوئٹہ میں کتاب دوستی کا عملی مظاہرہ.....

### اوبستان بولان کا مشاعرہ اور "محب" کا اجرا معروف ادیب ایم صلاح الدین مینگل صاحب فراش، دعائے شفا کی اپیل

[illegible]

# CLIPPING SERVICE


DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 01 FEB 2025

Page No.




صوبائی وزیر میر عاصم کرد گیلو سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں



کوئٹہ: پارلیمانی سیکرٹری انرجی میر اصغر رند سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

MASHRIQ QUETTA



کوئٹہ: صوبائی وزیر سردار کوہیار ڈومکی ایم پی اے کے دورے کے موقع پر ہال کا معائنہ کر رہے ہیں